مدیر کے قلم سے

تعارف وتبصرہ

سیّد احمد شہید رحمہ اللہ کی اردو تصانیف اور اردو ادب پر ان کی تحریک کا اثر

از مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی

صفحات : ۹۶، کتابت وطباعت معیاری

قیمت : پندرہ روپے

ملنے کا پتہ : الرحیم اکیڈیمی

اے ۷/۷ اعظم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد کراچی ۱۹

یہ کتابچہ دراصل جناب ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی کے چند مضامین کا مجموعہ ہے جو امیر المومنین سید احمد شہید کی تحریک کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں ہیں اور متعدد علمی جرائد میں شائع ہوچکے ہیں ان میں حضرت سید احمد شہیدؒ کی اردو تصنیفات کے تعارف اور اردو ادب پر ان کے اثرات کے بارے میں تجزیاتی مضامین کے علاوہ سید صاحبؒ کے قلم سے سورۃ الفاتحہ کی نایاب تفسیر اور سید شہیدؒ کے فقہی مسلک کے بارے میں ایک تحقیقی مضمون بھی شامل ہے۔

ہفت روزہ ھلال راولپنڈی
اشاعت خصوصی بسلسلہ میلاد النبیؐ

صفحات : ۲۴۴ ۔کتابت وطباعت عمدہ

ہدیہ : پچاس روپے

زیر ادارت : محمد ممتاز اقبال ملک

ملنے کا پتہ : ہفت روزہ ہلال، ہلال روڈ راولپنڈی۔

”ھلال“ پاک آرمی کا معیاری اور خوبصورت جریدہ ہے جس کی ادارت کے فرائض ہمارے